قسم کھاتا ہوں والے الفاظ سے قسم ہوگی یا نہیں؟

مجیب: ابوحفص مولانا محمد عرفان عطاری مدنی

فتوی نمبر: WAT-1891

تاریخ اجراء: 27محرم الحرام1445ھ/15اگست2023ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

قسم تو صرف اللہ کی ہوتی ہے، تو اگر کسی نے یوں کہا کہ میں قسم کھاتا ہوں کہ فلاں کام نہیں کروں گا، تو کیا اس سے قسم ہو جائے گی؟

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَلۡجَوَابُ بِعَوۡنِ الۡمَلِکِ الۡوَھَّابِ اَللّٰھُمَّ ھِدَایَۃَ الۡحَقِّ وَ الصَّوَابِ

اللہ عزوجل کا نام لیے بغیر فقط "**قسم کھاتا ہوں**" کے الفاظ کہنے سے بھی قسم ہو جاتی ہے۔ کیونکہ عُرف میں یہ الفاظ قسم میں استعمال ہوتے ہیں، لہٰذا ان الفاظ سے قسم ہو جائے گی، اور قسم ٹوٹنے کی صورت میں کفارہ بھی لازم ہو گا۔

تنویر الابصار مع در مختار میں ہے: "والقسم ایضاًبقوله (أقسم أو أحلف...وإن لم يقل بالله)" ترجمہ: اسی طرح میں قسم کھاتا ہوں، حلف کرتا ہوں سے بھی قسم ہو جائے گی اگرچہ اس کے ساتھ لفظِ "اللہ" نہ کہا ہو۔ (تنویر الابصار مع درمختار، جلد5، کتاب الایمان صفحہ 509-510، دار المعرفۃ، بیروت)

تبیین الحقائق میں ہے: "أقسم أو أحلف إنما كان يمينا وإن لم يقل بالله لأن هذه الألفاظ مستعملة في الحلف عرفا...ولأن اليمين بالله تعالى هو المعهود المشروع وبغيره محظور فينصرف إلى الأول" ترجمہ: میں قسم کھاتا ہوں یا حلف کرتا ہوں، یہ بھی قسم ہے اگرچہ اس کے ساتھ لفظِ اللہ نہ کہا ہو کیونکہ عرف میں یہ الفاظ قسم میں استعمال ہوتے ہیں اور اس لئے کہ اللہ تعالیٰ کی قسم ہی معروف و مشروع ہے اور غیر کی قسم ممنوع ہے لہٰذا اسے پہلی صورت (یعنی اللہ کی قسم) کی طرف ہی پھیر اجائے گا۔ (تبیین الحقائق، جلد3، کتاب الایمان، صفحہ110، مطبوعہ: قاھرۃ)

یمینِ منعقدہ کو توڑنے کی صورت میں کفارہ لازم ہوتا ہے، جیسا کہ فتاوی عالمگیری میں ہے: "ومنعقدة وهو أن يحلف على امر في المستقبل أن يفعله أو لا يفعله وحكمه لزوم الكفارة عند الحنث" ترجمہ: قسم کی

اقسام میں سے تیسری قِسم منعقدہ ہے اور وہ یہ ہے کہ مستقبل میں کسی کام کے کرنے یا نہ کرنے کے متعلق قسم کھائے اور اس کا حکم یہ ہے کہ قسم توڑنے پر کفارہ لازم ہو گا۔(فتاوی ہندیہ، کتاب الایمان، الباب الاول،، جلد2، صفحہ57، دار الکتب العلمیۃ، بیروت)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.daruliftaahlesunnat.net
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net